## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

كليه عربی وعلوم اسلاميه

### شعبہ قرآن و تفسیر

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کا نام: تاریخ تفسیر (1956)　　　　سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

### ہدایت نامہ برائے طلباء

### بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)

**عزیز طلبہ! السلام علیکم**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر:1تا 5 )

**کل نمبر:100** | **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ عہدِ نبوی میں تفسیر کے ارتقاپر روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ تابعینؒ کے دور میں تفسیر کے ارتقاکا جائزہ لیتے ہوئے مکہ مکرمہ کے تفسیری مدارس پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ تبع تابعینؒ کے دور کی مشکلات ذکر کیجیے اور اس عہد کا اسلوبِ و خصوصیاتِ تفسیر لکھیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ امام ابو بکر جصاص رحمہ اللہ کا تعارف بیان کرتے ہوئے تفسیر ''احکام القرآن''میں ان کا اسلوب اور اس کی خصوصیات قلمبند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ المحرر الوجیز اور احکام القرآن از ابن العربی المالکی کا تعارف اور ان میں مفسرین کا منہج تحریر کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر:6 تا 9 )

**کل نمبر:100** | **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ امام رازیؒ اور ان کی تفسیر ''مفاتیح الغیب''کا تعارف کرائیے اور ان کا منہج واسلوبِ تفسیر بھی بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل تفاسیر کا تعارف اور ان کے مؤلفین کا منہج واسلوب تفسیر تحریر کیجیے۔ (20)

1۔ تفسیر کنز العرفان فی فقہ القرآن 2۔ الثمرات الیانعۃ

سوال نمبر3۔ امام ابوالسعود کے احوال وآثار اور ان کے تفسیری اسلوب پر روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر4۔ ''الصافی فی تفسیر القرآن الکریم''کے مقدمہ کے نکات بیان کرتے ہوئے مفسر کا تعارف اور منہج واسلوب تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ سید رشید رضا کا منہجِ تفسیر تحریر کریں اور مجاز و تشبیہ، جادو اور معجزات سے متعلق ان کا نقطۂ نظر لکھیے۔ (20)